پریس ریلیز

گوجرانوالہ 10 جون 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی کاوش سے شہر کی تعمیر وترقی اور بزنس کمیونٹی کے مسائل ون ونڈو آپریشن کے تحت حل کروانے کیلئے وزیراعلی پنجاب سے ڈسٹرکٹ کوارڈی نیشن کمیٹی کی منظوری حاصل کر لی گئی ہے جس کا وزیراعلیٰ کی طرف سے باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری ہو چکا ہے۔اس کمیٹی کی سربراہی ڈی سی گوجرانوالہ کریں گے جبکہ گوجرانوالہ چیمبر کے صدر بطور فوکل پرسن اس کمیٹی میں نمائندگی کریں گے اور ایسوسی ایشن اور ٹریڈرز سے بھی نمائندگی لی جائے۔وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ کوارڈی نیشن کمیٹی کا ہر ماہ اجلاس منعقد کیا جائے گا اجلاس میں کئے گئے فیصلوں کی تمام کاروائی وزیراعلی پنجاب کو بھجوائی جائے گی۔

ڈسٹرکٹ کوارڈی نیشن کمیٹی کا پہلا اجلاس ڈی آفس میں منعقد کیا گیا جس کی صدارت فیاض احمد موہل ڈی سی گوجرانوالہ نے کی ۔گوجرانوالہ کے صدر شیخ فیصل ایوب بطور فوکل پرسن جبکہ سابق صدور اخلاق احمد بٹ ،خواجہ ضرار کلیم کے علاوہ مختلف اداروں کے اعلیٰ عہدیداروں نے شرکت کی۔فیاض احمد موہل نے مختلف اداروں کے عہدیداران کو بتایا کہ اس کمیٹی کا قیام گوجرانوالہ چیمبر کی خواہش پر کیا گیا ہے تاکہ انتظامیہ اور گوجرانوالہ چیمبر باہمی مشاورت سے شہر کی تعمیر وترقی اور بزنس کمیونٹی کے مسائل فوری حل کئے جاسکیں۔انہوں نے بتایا گوجرانوالہ چیمبر کا شہر کی تعمیر ترقی میں اہم کردار ہے گوجرانوالہ چیمبر کی کاوش کی تعریف کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موٹروے لنک خالصتاً گوجرانوالہ چیمبر کی کاوش کا ہی نتیجہ ہے۔گوجرانوالہ چیمبر نے تمام بنیادی ورکنگ کر رکھی تھی جس کی مدد سے حکومت بہت جلد اس پراجیکٹ کو مکمل کرنے جارہی ہے۔

اس موقع پر صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ فیصل ایوب نے کہا کہ گوجرانوالہ میں ایکسپو سنٹر کا قیام ،نئی انڈسٹریل زون ،علیحدہ میٹل انڈسٹری زون ،سیف سٹی پراجیکٹ ودیگر منصوبہ جات کیلئے جگہ درکار ہے انتظامیہ ان منصوبوں کی تکمیل کے لئے کوشش کرے۔اس کے علاوہ شہر کی خوبصورتی کیلئے باہمی مشاورت سے تعمیری کام کا آغاز بھی کرے۔ڈی سی گوجرانوالہ فیاض احمد موہل نے کہا کہ یہ منصوبے اس صنعتی شہر کیلئے بہت اہم ہیں لہٰذا ان منصوبوں کی تکمیل کیلئے تمام سرکاری جگہ کے متعلق تفصیل مہیا کی جائے جس ان منصوبوں کی تعمیر کی جاسکے۔انہوں نے کہا کہ وہ تمام سرکاری اراضی بھی خالی کرائے جائے جس پر قبضہ ہوا ہے۔بطور امیر شہر میری کوشش ہے کہ شہر کو خوبصورتی کے اعتبار سے مثالی بنایا جائے گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی شہر کے مختلف ایریاز میں خوبصورت مونومنٹ بنائے اور انہیں اپنے ناموں سے منصوب کرے جس طرح فیصل آباد کی بزنس کمیونٹی نے کیا ہے۔